
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ
شہرنامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | منگل 3 نومبر 2026ء 23 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 58

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

7 ماہ بعد بیرسٹر سلمان صفدر کی عمران خان سے ملاقات

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے اپنی صحت اور رہن سہن کے حالات سے آگاہ کیا، دونوں نے بعض قانونی معاملات اور مقدمات سے متعلق نئی ہدایات دیں

تمام مقدمات اور قانونی معاملات پر بات کے لیے ملاقات کا 40 منٹ کا وقت ناکافی تھا، سینئر وکیل کا سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر بیان



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اڈیالہ جیل میں قید بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ان کے سینئر وکیل بیرسٹر سلمان صفدر کی ملاقات کرادی گئی۔ رپورٹ کے مطابق بیرسٹر سلمان صفدر نے عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ملاقات کی تصدیق سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پوسٹ میں کی۔ انہوں نے بتایا کہ اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے 40 منٹ ملاقات ہوئی، جیل حکام نے آج سہ پہر 30:4 بجے ملاقات کرائی۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ متعدد درخواستوں کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان سے 7 ماہ اور بشریٰ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

قبائلی عوام کے خدشات دور سائل پر اعتماد میں لیا جائے، فضل الرحمن

قیمتی پتھر امریکی حکام کے دفاتر میں پیش کیے گئے، یہ اس بات کا اعتراف کر چکے ہیں کہ وہ اس معاملے میں آگے بڑھ رہے ہیں

قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا، پشاور میں ڈیجیٹل میڈیا ورکرز جمعیت فاٹا کنونشن سے خطاب

پشاور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ قبائلی اضلاع کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا گیا ہے، اب انضمام ختم کرنے کی تجاویز سامنے آرہی ہیں، تاہم قبائلی علاقوں کا اصل مسئلہ آئینی نہیں بلکہ وہاں موجود معدنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف صنعتوں اور ایگریکلچر سیکٹر بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام کو 15 روپے لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کی کوشش کررہے ہیں، علی پرویز عطاء تارڑ

خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے، وفاقی وزیر پٹرولیم

عوام کو مشکلات سے بچانا بہت بڑی کاوش ہے، ریلیف دینا وزیراعظم کی اولین ترجیح ہے، وزیر اطلاعات ونشریات



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینے کے لیے آئل ریفائنریز کے تعاون سے 15 روپے فی لیٹر سستا پٹرول فراہم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے کی صورتحال کے باعث پاکستان کو معاشی اور توانائی کے شعبوں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم اور اخوان المسلمون کے مرشد عام صلاح عبدالحق ملاقات کررہے

حافظ نعیم الرحمن کی صلاح عبدالحق سے ملاقات

دونوں قائدین نے امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا

استنبول (نمائندہ۔شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے استنبول میں اخوان المسلمون مصر کے عالمی مرشد عام صلاح عبدالحق اور تنظیم کی مرکزی قیادت سے ملاقات کی، جس میں مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورت حال، خطے میں امریکہ اور اسرائیل کی جارحیت، ایران اور خلیجی ممالک کی صورتحال سمیت امت مسلمہ کو درپیش اہم چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، دو سالہ بچہ زخمی، ڈرائیور گرفتار

مشتعل افراد نے بس کے شیشے توڑ دیے، پولیس نے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا

اسلام آباد (صباح نیوز) سیکٹر جی ایٹ ٹو میں ابن سینا روڈ پر الیکٹرک بس اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں دو سالہ بچہ شدید زخمی ہوگیا، جسے تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق حادثہ تھانہ کراچی کمپنی کی حدود میں پیش آیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

خلیج میں آئل ٹینکر پر دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے حملہ

ریاض، صنعا (آئی این پی) سعودی عرب کے مشرقی ساحل کے قریب خلیج میں سفر کرنے والے ایک ٹینکر کو دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے نشانہ بنایا گیا، واقعے میں جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ رہے جبکہ سمندر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں، سلمان اکرم راجہ

لاہور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکریٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر ہمارا کوئی کنٹرول نہیں، علیمہ خان کا غریب ڈرائیور بغیر کسی جرم کے جیل میں پڑا ہے۔ سلمان اکرم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)



وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم، مستفید افراد کی تعداد 1 لاکھ 87 ہزار ہوگئی

زرعی شعبے میں قرض سے مستفید افراد کی 35 لاکھ اور ایس ایم ایز کے شعبے میں قرض حاصل کرنے والے 3 لاکھ 42 ہزار ہوگئے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم اپنا گھر ہاؤسنگ اسکیم سے مستفید ہوئے قرض داروں کی تعداد ایک لاکھ 87 ہزار 317 ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر جائزہ اجلاس ہوا جس میں وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، میاں ریاض حسین پیرزادہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، مشیر وزیراعظم ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے بنگلہ دیش کا اعلیٰ سطحی وفد ملاقات کررہا ہے

نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا ترجیح ہے، وزیراعظم

ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر جائزہ اجلاس، وزیراعظم کی صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ رعایت نہ برتنے کی ہدایت

زراعت کا شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن سے برآمدات میں اضافے کیلئے کوشاں ہیں، شہباز شریف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت پر جائزہ اجلاس ہوا جس دوران وزیراعظم نے صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے بینکس کے ساتھ سٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتنے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ جی شعبے کی ترقی کیلئے بینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، اپنا گھر سکیم سے ہاؤسنگ و تعمیرات کے شعبے سے منسلک کئی صنعتوں کو فروغ ملے گا، صارفین کو قرض فراہمی میں سست روی اختیار کرنے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

بلدیاتی انتخابات: 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کرلیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے کیے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پاکستان اور بنگلہ دیش میں شراکت داری کے نئے مواقع تلاش کرنے پر اتفاق

ہارون اختر کی بنگلہ دیش کے وزیر منصوبہ بندی سے ملاقات، اہم امور پر گفتگو

الیکٹرک گاڑیوں، بیٹری مینوفیکچرنگ اور سولر ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون پر زور



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے بنگلہ دیش کے وزیر برائے خزانہ و منصوبہ بندی راشد المحمود ممیو میر نے اپنے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات، صنعتی تعاون، برآمدات پر مبنی ترقی اور دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات آج ہونگے، لیاقت بلوچ

پٹرول لیوی کے بتدریج خاتمے اور عوامی ریلیف کا مطالبہ کرینگے، قائمقام امیر جماعت خارجہ میں ہوگا۔ قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے ترکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

لاہور (بیورو رپورٹ) حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس 3 نومبر 11 بجے ڈپٹی پرائم منسٹر سینیٹر محمد اسحاق ڈار کے دفتر امور

بحری جہاز ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچ گیا

جہاز سوئی سدرن گیس کمپنی کے لیے درآمدی ایل پی جی لے کر آیا ہے، ذرائع

کراچی (صباح نیوز) ملک میں ایل پی جی بحران میں کمی کی امید پیدا ہوگئی، درآمدی ایل پی جی لے کر آنے والا جہاز پورٹ قاسم پہنچ گیا۔ ایم ٹی علیشاون نامی بحری جہاز 3 ہزار 72 میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچا ہے، جہاز سوئی سدرن گیس کمپنی کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)



استنبول، وزیر تجارت جام کمال سے ترکیہ میں پاکستان جنرل کونصل خواجہ خرم ملاقات کررہے

امریکی وسط مدتی الیکشن آج، ٹرمپ کی جماعت کو مشکل

ایوانِ نمائندگان کی 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) امریکا میں وسط مدتی انتخابات آج 3 نومبر (منگل کو) منعقد ہوں گے، جن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جماعت ری پبلکن پارٹی کو کانگریس میں اپنی اکثریت برقرار رکھنے کا چیلنج درپیش ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی۔ رائے عامہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

سندھ طاس معاہدے میں کوئی فریق یکطرفہ تبدیلی نہیں کرسکتا، یوسف گیلانی

پاکستان کے حصے کا پانی روکنے یا رخ موڑنے کی کوئی بھی کوشش اعلانِ جنگ تصور ہوگی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کے جائز آبی حصے کو روکنے، معطل کرنے یا اس کا رخ موڑنے کی کسی بھی کوشش کو اعلانِ جنگ تصور کیا جائے گا اور اس کا براہ راست جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ پاکستان پانی کو ہتھیار بنانے یا اسے جغرافیائی و سیاسی دباؤ کے ایک آلے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، گورنر کنڈی

ہمیں جس محکمے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سر پکڑ لیتے ہیں، جرم ثابت ہونے پر سزا و جزا کا نظام ہوگا، فیصل کریم کنڈی

پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکرٹری، اسپیکر کو نہیں مانتی تو ہمیں کیا مانیں گے، گفتگو

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ پشاور میں گفتگو کرتے ہوئے گورنر کے پی نے کہا کہ ہمیں جس محکمے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں جو صفائی ہو رہی ہے کیا یہ وہ نہیں کرسکتے تھے، تب ملازمین ان کے گھروں میں نوکری کررہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہ لے رہے تھے مگر جس نے اب گھر بیٹھے تنخواہ لینی ہے وہ نوکری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، احسن اقبال

عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظرثانی کا تقاضا کرتی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان صنعتی اور معاشی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کیلئے کوشاں ہے، جبکہ پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔ اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام 29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظرثانی کا تقاضا کرتی ہیں۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

غزہ میں اسرائیلی حملے، مزید 4 فلسطینی شہید

المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر اسرائیلی حملے مسلسل جاری

غزہ (آئی این پی) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہو گئے۔ خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح اور متعدد دیگر مقامات پر حملے جاری ہیں۔ کمپلیکس کے ایک طبی ذریعے نے بتایا کہ خان یونس کے مغرب میں واقع المواسی پر اسرائیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

بیرسٹر سیف کے تمام دعوے جھوٹے اور بے بنیاد ہیں، بیرسٹر گوہر

پشاور (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ انٹرویو کے دوران کیے گئے بیرسٹر سیف کے تمام دعوے جھوٹے ہیں جنہیں مسترد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

خطے کے ممالک نئی امریکی فوجی کارروائی کا حصہ نہ بنیں، عباس عراقچی

تہران (صباح نیوز) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خطے کے ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ ایران کے خلاف امریکا کی ممکنہ نئی فوجی کارروائی کا حصہ نہ بنیں اور واشنگٹن کو جنگ کے بجائے سفارتی راستہ اختیار کرنے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

تہران میں سفیر پر حملے کی رپورٹس بے بنیاد ہیں، پاکستان

گردش کرنیوالی بعض خبروں کا نوٹس لیا ہے، پاکستانی سفارتخانے کی وضاحت

تہران (آئی این پی) ایران میں پاکستان کے سفارتخانے نے پاکستان کے ایران میں سفیر عمران احمد صدیقی پر مبینہ حملے کے بارے میں گردش کرنیوالی بعض خبروں کا نوٹس لیا ہے۔ سفارتخانے نے واضح طور پر کہا ہے کہ یہ رپورٹس بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ بی بی سی رپورٹ یک مطابق تہران میں پاکستانی سفارتخانے نے پاکستان کے سفیر عمران احمد صدیقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

مولانا سمیع الحق شہید جیسی شخصیات صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں، مولانا راشد الحق سمیع

قوم ان حالات میں مولانا سمیع کی مدبرانہ اور جرات مندانہ قیادت کی کمی شدت سے محسوس کررہی ہے، مولانا عبدالحق ثانی

شہید کے آٹھویں یوم شہادت پر ایوان شریعت ہال میں تقریب کا انعقاد، زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا

اکوڑہ خٹک (نمائندہ شہرنامہ) جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے نائب مہتمم مولانا راشد الحق سمیع نے جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں شہید اسلام مولانا سمیع الحق شہید کی آٹھویں یوم شہادت کی مناسبت سے جامعہ کے ایوان شریعت ہال میں منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے شہید ناموس رسالت مولانا سمیع الحق شہید کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ریاست وحکومت سے اپنے خاندان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



مولانا راشد الحق سمیع، اور مولانا عبدالحق ثانی شہید مولانا سمیع الحق کی برسی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی ذاتی پیشی کا حکم معطل

فیک ویڈیو وائرل کیس میں وارنٹ گرفتاری پر بھی عملدرآمد روک دیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کو فیک ویڈیو وائرل کیس میں ذاتی حیثیت میں پیش ہو کر اپنے بیان پر جرح کرانے کا حکم معطل کردیا، عدالت نے عظمیٰ بخاری کے وارنٹ گرفتاری پر عملدرآمد بھی روک دیا، جبکہ ٹرائل کورٹ کو مقدمے کے دیگر گواہان کی حد تک کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

فلوریڈا میں طیارہ گر کر تباہ، 9 افراد ہلاک

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی ریاست فلوریڈا میں نجی کمپنی کا طیارہ گر کر تباہ ہوگیا، حادثے میں طیارے پر سوار 9 افراد ہلاک ہوگئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق طیارہ پام بیچ کاؤنٹی کے علاقے گرین ایکر میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

دوحہ میں ایران اور قطر مذاکرات ختم ہو گئے

امریکا کے ساتھ حتمی معاہدے کا مسودہ فریقین کو پہنچا دیا گیا

دوحہ (نیوز ایجنسیاں) تہران اور واشنگٹن کے درمیان جاری کشیدگی اور جنگ کے خاتمے کے لیے قطری ثالثوں کے ساتھ ہونے والے سفارتی مذاکرات کا نیا دور مکمل ہونے کے بعد ایرانی مذاکرات کار دوحہ سے روانہ ہو گئے جبکہ فریقین کو تجاویز پر مبنی ایک نیا تزویراتی مسودہ پیش کر دیا گیا ہے جس کی روشنی میں آئندہ دنوں میں ایک اور ملاقات متوقع ہے۔

پختونخوا، کان کنی کیلئے دھما کا خیز مواد کی نگرانی کا فیصلہ

دھما کا خیز مواد کی نگرانی اور انتظامی امور کیلئے 7 رکنی صوبائی کمیٹی تشکیل

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا حکومت نے کان کنی کیلئے دھما کا خیز مواد کی نگرانی اور کنٹرول کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ دھما کا خیز مواد کی نگرانی، ضابطہ بندی اور انتظامی امور کیلئے 7 رکنی صوبائی کمیٹی تشکیل دیدی گئی، صوبائی ایکسپلوسوز کو آرڈیننشن، مانیٹرنگ اینڈ اوورسائٹ کمیٹی قائم کرنے کا اعلامیہ جاری کردیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق اسپیشل سیکریٹری محکمہ زراعت خیبر پختونخوا کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے، محکمہ داخلہ، محکمہ صنعت اور صوبائی سیکیورٹی سیکریٹریٹ کے نمائندے کمیٹی میں شامل ہوں گے

وفاقی آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں

سپریم کورٹ کے فیصلوں کی آئینی عدالت کیلئے صرف دلیل کی حیثیت ہے، فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں بلکہ ان سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اسی صورت اختیار کی جاسکتی ہے جب وہ آئین اور قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ وفاقی آئینی عدالت نے نظرثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم اصول وضع کردیئے۔ جسٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سعودی عرب کو تیل ذخائر قائم کرنے کی پیشکش!

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی الثقمی نے ملاقات کی جس میں کان کنی، پٹرولیم اور توانائی کے شعبوں بشمول سٹرٹیجک آئل سٹوریج، ریفائنری اَپ گریڈیشن اور ایل پی جی کی فراہمی کے علاوہ تجارتی روابط میں سہولت کاری اور دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان نے ٹیکس نیوٹرل بانڈڈ سٹوریج پالیسی کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت سعودی کمپنیوں کو تجارتی بنیادوں پر تیل کے ذخائر قائم کرنے کی پیشکش کی گئی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان میں تیل ذخیرہ کرنے کی سہولیات سے سعودی عرب کو آبنائے ہرمز اور آبنائے باب المندب سے منسلک بحری ترسیل کے خطرات میں تنوع لانے اور ایشیائی منڈیوں تک رسائی میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر پٹرولیم نے سفیر کو بلوچستان کے ضلع حب میں بڑے پٹرولیم سٹوریج اور ریفائننگ کمپلیکس کے قیام سے متعلق بھی آگاہ کیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب کی دیرینہ سٹرٹیجک شراکت داری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تاریخی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور سٹرٹیجک شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لئے پُرعزم ہے۔ پاکستان کی اِس مجوزہ سکیم میں خام تیل بردار بہت بڑے بحری جہازوں کو لنگر انداز ہونے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی اور یہ وسطی ایشیائی اور چینی منڈیوں کو خدمات فراہم کرنے والی علاقائی توانائی راہداری کے طور پر پاکستان کی صلاحیت کو مستحکم بنائے گی۔ ترجمان کے مطابق علی پرویز ملک نے پاکستان کے ریفائنری اَپ گریڈیشن پروگرام میں سرمایہ کاری کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اِس پروگرام کا مقصد ملکی ریفائننگ انفراسٹرکچر کو جدید بنانا، آپریشنل کارکردگی بہتر کرنا اور یورو۔5 ایندھن کے معیار کی طرف منتقلی ہے۔ وزیر پٹرولیم نے سعودی سفیر سے سردیوں میں گیس کی بڑھتی طلب کے پیش نظر ایل پی جی کی اضافی فراہمی کے لئے سعودی آرامکو سے اضافی خام تیل اور مخصوص ایل پی جی سپلائی کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ فریقین نے اتفاق کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دفاعی اور سٹرٹیجک شراکت داری، وسیع تر علاقائی اَمن، استحکام اور اقتصادی تعاون کی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ سعودی سفیر نے پاکستان کی دیرینہ حمایت پر سعودی عرب کے گہرے تشکر کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک ہر حال میں ایک ساتھ کھڑے ہیں۔ اُنہوں نے زور دیا کہ دونوں ممالک کے دفاعی اور توانائی تعاون کے فریم ورک کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینا ہے۔ سعودی سفیر نے یہ اعلان بھی کیا کہ اسلام آباد میں سعودی عرب کے سفارتخانے نے پاکستانی شہریوں کے لئے ویزا درخواستوں کی اسی دن پراسیسنگ کا آغاز کر دیا ہے تاکہ سفر کو آسان بنایا جائے اور کاروباری، ثقافتی اور عوامی سطح پر روابط کو تقویت ملے۔

پاکستان اور سعودی عرب کے دیرینہ برادرانہ تعلقات اب سیاسی، سفارتی اور دفاعی تعاون سے آگے بڑھ کر معاشی شراکت داری کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔ سعودی عرب نے پاکستان میں توانائی، معدنیات، زراعت، آبپاشی، پن بجلی، صحت اور پیٹرولیم سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری اور مالی معاونت میں دلچسپی ظاہر کی ہے جبکہ متعدد منصوبوں کے لئے عملی معاہدے بھی کیے جا چکے ہیں۔ سعودی فنڈ فار ڈویلپمنٹ کے ذریعے مہمند ڈیم کے لئے تقریباً 24 کروڑ ڈالر، آزاد کشمیر میں شونٹر اور جاگران فور پن بجلی منصوبوں کے لئے مجموعی طور پر تقریباً 10 کروڑ ڈالر جبکہ مانسہرہ میں پانی کی فراہمی کے منصوبے کے لئے قریباً چار کروڑ ڈالر سے زائد کی مالی معاونت کے معاہدے اِس تعاون کی نمایاں مثالیں ہیں۔ اِسی طرح اسلام آباد میں کنگ سلمان بن عبدالعزیز ہسپتال کی تعمیر کے لئے قریباً دو کروڑ ڈالر کی گرانٹ کے علاوہ پنجاب میں گرین پاکستان منصوبے کے تحت زرعی ترقی، جدید آبپاشی نظام اور زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے سعودی سہولت کاری دونوں ممالک کے بڑھتے اقتصادی تعاون کی عکاس ہے۔ پاکستان کے معدنی وسائل، بالخصوص بلوچستان کے ریکوڈک تانبے اور سونے کے منصوبے میں سعودی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بھی اہمیت کی حامل ہے۔ سعودی کمپنی منارہ منرلز کی جانب سے اِس منصوبے میں حصص حاصل کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے تاہم ابھی حتمی سرمایہ کاری کا معاہدہ طے نہیں پایا۔ آئل ریفائنریوں کی اَپ گریڈیشن، پیٹرولیم ذخیرہ کرنے کی سہولیات اور نئی ریفائنری کے قیام کے حوالے سے بھی سعودی عرب کے ساتھ بات چیت جاری رہی ہے۔ حب بلوچستان میں مجوزہ پیٹرولیم ذخیرہ اور ریفائننگ کمپلیکس بھی مستقبل میں سرمایہ کاری کے امکانات کا ایک اہم پہلو ہے۔ اپریل 2024ء میں سعودی عرب نے پاکستان میں قریباً پانچ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کے عزم کا اظہار کیا تھا جبکہ اکتوبر 2024ء میں دونوں ممالک کے درمیان کم و بیش 8.2 ارب ڈالر کے مفاہمتی معاہدوں پر دستخط ہوئے تاہم یہ سمجھنا ضروری ہے کہ اعلان کردہ سرمایہ کاری، مفاہمتی یادداشت اور عملی طور پر پاکستان میں منتقل ہونے والی سرمایہ کاری الگ الگ مراحل ہیں۔ اکتوبر 2025ء میں وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان اقتصادی تعاون کے نئے فریم ورک نے معدنیات، توانائی، زراعت، صنعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سیاحت سمیت متعدد شعبوں میں تعاون کے امکانات مزید روشن کیے تھے۔ پاکستان کو اِس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لئے محض سرمایہ کاری کے اعلانات پر انحصار کرنے کے بجائے منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفاف پالیسی سازی، سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی، قانونی تحفظ اور کاروباری ماحول میں بہتری کو یقینی بنانا ہوگا۔ سعودی سرمایہ کاری پاکستان کے لئے زرمبادلہ کے حصول، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، صنعتی سرگرمیوں میں اضافے، توانائی کے بحران میں کمی اور قدرتی وسائل سے استفادے کا اہم ذریعہ بن سکتی ہے تاہم اصل کامیابی اسی وقت ہوگی جب طے شدہ معاہدے عملی منصوبوں میں تبدیل ہوں، سرمایہ کاری مقررہ وقت پر آئے گی اور اِس کے ثمرات صنعت، زراعت اور قومی معیشت کے ساتھ ساتھ عام شہریوں تک بھی پہنچیں گے۔

امریکا-ایران کشیدگی اور پاکستان کی کوششیں!



مسلح افواج کے شعبۂ تعلقات عامہ کے سربراہ (ڈی جی آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے برطانوی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں جامع انداز میں بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران امریکا ثالثی سے متعلق ہم محتاط انداز میں پرامید ہیں۔ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا ایک ماہ میں دوبار تہران جانا مثبت پیشرفت کی علامت ہے۔ اگر مثبت پیشرفت نہ ہوتی تو وہ دوبارہ تہران نہیں جاتے۔ ایران امریکا کشیدگی کم کرانے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ امریکا ایران ثالثی میں کام بگاڑنے اور بلاجواز تنقید کرنے والے طاقتور عناصر سرگرم ہیں۔ یہ طاقتور عناصر سمجھتے ہیں کہ جاری تنازعہ اور جنگ ان کے مفاد میں ہے۔ مکہ دفاعی معاہدے میں نئے ممالک کی شمولیت کی گنجائش موجود ہے۔ معاہدے کی شقیں نئے ممالک کی شمولیت میں رکاوٹ نہیں ہیں۔ علاقائی امن کے مشترکہ وژن پر یقین رکھنے والے ممالک کو خوش آمدید کہیں گے۔ ایران سمیت کوئی بھی ملک مکہ معاہدے میں شامل ہوسکتا ہے۔ فیصلہ تینوں ممالک کی سیاسی قیادت کرے گی۔ پاکستان سعودی عرب کے دفاع کے لیے پرعزم ہے۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے مقدس مقامات کا دفاع پاکستان کے عزم کا حصہ ہے۔

ادھر، امریکا اور ایران کے درمیان کسی معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں کے سلسلے میں قطری ثالث پھر تہران پہنچ گئے۔ یہ دورہ امریکا اور ایران کے مابین معاہدے تک پہنچنے کی کوششوں کا حصہ ہے۔ ثالثی کے لیے ہونے والی بات چیت امریکا کے ساتھ رابطے اور مشاورت سے کی جارہی ہے۔ دوسری طرف، ایرانی پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ ایران کی 7 شرائط تسلیم کیے بغیر مذاکرات میں پیش رفت ممکن نہیں۔ باقر قالیباف جن شرائط کی بات کر رہے ہیں ان میں امریکا کی طرف سے بحری ناکہ بندی کا خاتمہ، منجمد اثاثوں کا اجراء، تیل کی فروخت پر عائد پابندیوں کا ہٹایا جانا، ایران اور اس کے اتحادیوں کے خلاف جاری عسکری کارروائی کا خاتمہ، ایران کی سرحدوں کے قریب سے امریکی فوج کو ہٹانا اور جنگ میں اب تک ہونے والے نقصانات کا ازالہ شامل ہیں۔ اسی طرح، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ انھوں نے شروع نہیں کی بلکہ ایرانی قیادت نے 1979ء میں امریکا کے خلاف جنگ شروع کی تھی۔ ریڈیو انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا صفایا ہو چکا ہے، سمجھ نہیں آتا کہ مذاکرات کس سے کیے جائیں، تاہم مذاکرات کے لیے ایرانی قیادت کا موجود نہ ہونا کوئی بڑا مسئلہ نہیں۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران سے ضمانت چاہیے کہ وہ کبھی جوہری ہتھیار نہیں بنائے گا۔ اگر ایران کے پاس جوہری ہتھیار ہوتا تو اسے 'سر' کہہ کر مخاطب کرتا، لیکن وہ ایران کو 'سر' کہہ کر مخاطب کرنے والے نہیں ہیں۔ دریں اثنا، 'وال سٹریٹ جرنل' کے مطابق، سینٹ کام کمانڈر ایڈمرل بریڈ کوپر نے وائٹ ہاؤس میں صدر ٹرمپ کو ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں ممکنہ آپریشنز پر بریفنگ دی۔ جہاں تک ڈی جی آئی ایس پی آر کے انٹرویو میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے دورۂ تہران کے حوالے کی بات ہے تو وہ واقعی اس لحاظ سے نہایت غیر معمولی اور اہم ترین پیش رفت ہے کہ دوسرے دورے میں وہ اکیلے ہی تہران نہیں گئے بلکہ اس موقع پر وہاں سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان اور ترک انٹیلی جنس کے سربراہ ابراہیم قالن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ یہ پیش رفت کئی اعتبار سے معنی خیز ہے۔ تین بڑے اور اہم ترین مسلم ممالک کے نمائندے ایک ہی میز پر بیٹھ کر ایک ایسے ملک کی قیادت سے ملے جو جنگ کی لپیٹ میں ہے۔ طویل عرصے تک تو یہ تصور بھی محال تھا کہ کسی بحرانی صورتحال میں اسلام آباد، ریاض اور انقرہ کے نمائندے ایک مشترکہ سفارتی وفد کی شکل میں تہران کا دورہ کریں گے مگر حالات نے سب کو یہ سمجھایا کہ موجودہ صورتحال میں سفارت کاری کی اہمیت کیا ہے اور اس وقت پوری دنیا کو جن مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ان کے حل کے لیے ان ممالک کا متحد اور یک جہت ہونا کس حد تک ضروری ہے۔

اس پس منظر میں ڈی جی آئی ایس پی آر کا یہ کہنا قابلِ توجہ ہے کہ ثالثی میں کام بگاڑنے والے طاقتور عناصر سرگرم ہیں۔ انھوں نے ان عناصر کے نام تو نہیں لیے مگر اشارہ بالکل واضح ہے۔ ہر جنگ میں کچھ فریق ایسے ہوتے ہیں جنھیں امن سے نقصان اور کشیدگی سے فائدہ پہنچتا ہے۔ ان کی کوشش ہوتی ہے کہ مذاکرات کی میز سجنے سے پہلے ہی کوئی بیان، کوئی حملہ یا کوئی افواہ سارے کھیل کو خراب کر دے۔ پچھلے مہینوں میں ہم نے دیکھا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والی بات چیت امریکی صدر کی دھمکی آمیز گفتگو کے بعد تعطل کا شکار ہوئی اور ایرانی وفد اٹھ کر چلا گیا اور پھر قطر اور پاکستان کے ثالثوں کو درمیان میں آ کر معاملہ سنبھالنا پڑا۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ مذاکرات کا عمل کتنا نازک ہے اور اسے بگاڑنے کے لیے کسی بڑے سازشی منصوبے کی ضرورت نہیں، بس ایک غیر ذمہ دارانہ بیان ہی معاملات کو بگاڑنے کے لیے کافی ہوسکتا ہے۔

موجودہ صورتحال میں قطر کے ثالثوں کا ایک پھر تہران پہنچنا اس حقیقت کی یاددہانی ہے کہ جنگ کے شعلوں کو قابو کرنے کے لیے ثالثی کسی ایک ملک کے بس کی بات نہیں۔ پاکستان کے پاس سیاسی رسائی اور اعتماد کا سرمایہ ہے جبکہ قطر کے پاس تفصیلی مذاکرات کا تجربہ اور واشنگٹن و تہران دونوں سے رابطے کی صلاحیت ہے۔ اپریل میں ہونے والی جنگ بندی اور اسلام آباد میں ہونے والی وہ براہِ راست ملاقات جو دہائیوں بعد امریکا اور ایران کے درمیان پہلی بڑی بیٹھک سمجھی گئی، اسی مشترکہ کاوش کا نتیجہ تھی۔ اس سب کے نتیجے میں ہی جون کے مہینے میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے جو آج بھی امریکا-ایران کشیدگی کے خاتمے کے لیے ایک اہم دستاویز شمار کی جاتی ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ صدر ٹرمپ کا رویہ اس ساری صورتحال کو مزید پیچیدہ بناتا ہے۔

بے اعتباری، معاشرتی ناسور




یہ جملہ تو ہم میں سے اکثر نے سنا اور بولا ہے کہ زندگی سے اعتبار اُٹھ گیا، کسی کی وفات پر، ناگہانی موت پر یا حادثے کے موقع پر یہ جملہ اکثر استعمال ہوتا ہے، مگر صاحبو! میں جس اعتبار کی بات کر رہا ہوں وہ معاشرتی اعتبار ہے۔ پتہ نہیں اس کا کسی کو احساس بھی ہے یا نہیں کہ ہم ایک بے اعتباری کے عہدِ بلاخیز میں زندہ ہیں، زندگی کا کوئی ایک معاملہ بھی ایسا نہیں رہا جو یقین کی دولت سے مالا مال ہے۔ ایسے ایسے گوشے بھی اس بے اعتباری کی زد میں آ گئے ہیں کہ حیرانی ہوتی ہے۔ کل ہی کی بات ہے میں بازار سے گزر رہا تھا کہ پیچھے سے کسی کے پکارنے کی آواز آئی۔ میں نے پلٹ کر دیکھا تو ایک جنرل سٹور والے صاحب تھے، جن سے میری پرانی یاد اللہ تھی، میں اُن کے پاس گیا تو انہوں نے کہا ایک مشورے کی ضرورت ہے۔ میں نے کہا پوچھو، اُس نے کہا بیگم بیمار ہے، چھوٹے اور عام ڈاکٹروں سے تو افاقہ نہیں ہوا، کوئی بڑا ڈاکٹر آپ کا واقف ہے۔ میں نے ذہن پر زور دیا تو اُس مرض کے ایک سینئر ڈاکٹر یاد آ گئے، میں نے کہا اُن کے پاس لے جاؤ، اچھے ڈاکٹر ہیں۔ وہ کہنے لگا بہت زیادہ ٹیسٹ تو نہیں لکھ دیں گے، دوائی تو مہنگی نہیں لکھیں گے؟ ہمارے پاس الٹراساؤنڈ، ایکسرے، لیبارٹری کی رپورٹیں سب کچھ ہے، نئے تو نہیں کرائیں گے؟ میں نے کہا دیکھو اِس بارے میں تو میں کچھ نہیں کہہ سکتا۔ یہ تو وہ خود ہی بتائیں گے۔ کہنے لگا میں نے اتنے زخم کھائے ہیں کہ اب ڈر لگتا ہے، ویسے بھی پیسے اتنے موجود نہیں۔ اب میں اُسے کیا کہتا۔ البتہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ اس شعبے میں بے اعتباری کتنی پھیل چکی ہے، مریض اور اُس کے ورثاء کو معالج ایک ایسا ڈاکو لگنے لگا ہے جو اُس سے سب کچھ چھیننے کے درپے ہے۔ کبھی معالج اور مریض کا رشتہ اعتماد اور بھروسے کا ہوتا تھا۔ اس وقت بحیثیت معاشرہ ہماری حالت یہ ہے کہ کوئی بھی کام کرتے ہوئے سب سے پہلا خیال یہی آتا ہے کہیں دھوکہ نہ ہو جائے، کیونکہ معاشرہ "ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ" کی عملی مثال بنا ہوا ہے۔ دکانوں پر یہ ضرور لکھا ہوتا ہے آپ کے اعتماد کا نشان، مگر جب واسطہ پڑتا ہے تو اندازہ ہوتا ہے۔ اعتماد کا جو قتل انہوں نے کیا وہ تو سب پر بھاری ہے۔ یہ وہ معاشرہ ہے دکاندار اپنی دکان پر تنی بڑی ڈھٹائی سے یہ لکھتے ہیں کہ خریدا ہوا مال واپس یا تبدیل نہیں ہوگا۔ اب اس سے بے اعتباری نہ پھیلے تو اور کیا ہو۔ دنیا میں ایسا کہیں نہیں ہوتا، کیونکہ خریداری کوئی جواء تو ہے نہیں کہ ایک بار کھیلا پھر جو نتیجہ نکلا وہ بھگتنا پڑے گا مگر یہاں اسے عملاً اور اعلانیہ نافذ کیا جاتا ہے۔ کبھی آپ مرغی یا بکرے کا گوشت لینے گئے ہیں، آپ کو کتنا چوکس رہنا پڑتا ہے؟ ذرا سی نظر ہٹی نہیں اور وہ گوشت میں چھیچھڑے شامل کر دے گا یا پھر گوشت کی جگہ ہڈیاں ڈال کے وزن پورا کرے گا۔ دھوکے کا بازسجنا کا تو سنا تھا اب دھوکے باز معاشرے کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ بلاشبہ اچھے لوگ بھی موجود ہیں، مگر وہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ خالص دودھ کی جس دکان پر جائیں وہ دعوے پر دعویٰ کرے گا لیکن یہ نہیں بتائے گا کہ روزانہ منوں کے حساب سے دودھ اُس کے پاس آتا کہاں سے ہے۔

اب آپ اس بے اعتباری کی دوسری صورتوں کی طرف آئیں۔ یہ ملک کے سرکاری محکموں کو ہی لے لیں۔ اُن پر عوام کو اعتبار کتنا ہے؟ لوگ دادرسی کیلئے تھانے نہیں جاتے کہ انہیں پولیس پر اعتبار ہی نہیں۔ سب سے پہلا خیال ہی یہ آتا ہے کہ وہاں رشوت دینا پڑے گی یا سفارش کرانا ہوگی وگرنہ کوئی نہیں سنے گا۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ خدشہ دامن گیر رہتا ہے کہیں وہاں بٹھا ہی نہ لیں اور لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ 78 برسوں میں ہمارے ہاں پولیس کی یہ بے اعتباری ختم نہیں ہوسکی بلکہ وقت گزرنے کے ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔ دنیا میں پولیس اسٹیشن کو لوگ انصاف کی جگہ سمجھتے ہیں یہاں پولیس اسٹیشن کے نام پر ہی خوف آتا ہے۔ تھانہ کلچر بدلنے کے دعوے کرنے والے کبھی اس بے اعتباری کو ختم کرنے کے بارے میں بھی سوچیں، مگر شاید پولیس اسے ختم نہیں کرنا چاہتی کیونکہ اسی بے اعتباری کی وجہ سے تو اُس کی چودھراہٹ قائم ہے۔ عثمان ستار ایک نوجوان ٹیکس کنسلٹنٹ ہیں، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ ایف بی آر اور ٹیکس دہندگان میں بے اعتباری کا اتنا زیادہ فاصلہ ہے، کہ لوگ گھبرائے گھبرائے پھرتے ہیں۔ ایک محکمہ جب ٹیکس کی بجائے اپنے افسروں اور اہلکاروں کے لئے بھتہ مانگنے والے گروہ کی شکل اختیار کر لے تو اعتبار کہاں رہتا ہے۔ لوگ اگر ایمانداری سے ٹیکس دینا چاہیں بھی تو ایف بی آر والے ان پر اعتبار نہیں کرتے، اصل میں یہ ایک تکنیک ہے جو ٹیکس گزاروں کو مجبور کرتی ہے کہ وہ سیدھا راستہ اختیار کرنے کی بجائے چور دروازے کی طرف آئیں۔ ایک صنعتکار دوست نے بتایا اگر ایف بی آر اور ٹیکس گزاروں میں بے اعتباری ختم ہو جائے تو کئی گنا زیادہ ٹیکس خزانے میں جمع ہوسکتا ہے مگر محکمہ یہ بے اعتباری ختم ہی نہیں کرنا چاہتا۔ وہ خوف کی فضاء رکھنا چاہتا ہے تاکہ خزانہ بھرے نہ بھرے کارپردازان کی جیبیں ضرور بھرتی رہیں۔

اب یہ بھی تو ایک بے اعتباری ہے کہ رشتوں کا اعتبار بھی اُٹھ گیا ہے۔ یہاں بھی قدم قدم پر دھوکہ ملنے کا خدشہ رہتا ہے۔ رشتہ کرتے وقت بھی ایک جواء ہوتا ہے، اچھا ہو گیا تو ٹھیک، غلط نکل آئے تو عمر بھر کا پچھتاوا۔ ایک دوست نے مجھے اپنی بیٹی کے رشتے کی کہانی سنائی، میں دنگ رہ گیا کہ لوگ اسے دھوکے بازی سے کیا حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بیگم صاحبہ کی ایک جاننے والی نے ایک رشتے کا بتایا کہ لڑکا دبئی میں انجینئر ہے اور اچھی سیلری ہے۔ وہاں اپنا فلیٹ بھی ہے۔ وہ لاہور کے رشتے کے لئے آئے تھے اور انہوں نے کیولری گراؤنڈ کے قریب اپنی رہائش گاہ کا بتایا تھا۔ وہ بتاتے ہیں کہ ہم کافی حد تک رشتے کے لئے تیار ہو چکے تھے۔ مجھے خیال آیا ان کے بارے میں کچھ جاننا تو چاہئے۔ اتفاق سے میرے ایک دوست کیولری گراؤنڈ کے قریب ہی رہتے ہیں۔ اُنہیں کہا کہ پتہ کریں۔ اُس نے بتایا صرف دو ہفتے پہلے انہوں نے یہاں ایک کوٹھی کرائے پر لی ہے۔ پیچھے گوجرانوالہ کے رہنے والے ہیں لڑکے کا بتایا کہ وہ کچھ نہیں کرتا، آوارہ پھرتا ہے اور دبئی بھی کبھی نہیں گیا، جونہی مجھے معلوم ہوا میرے منہ سے شکر الحمدللہ نکلا کہ خدا نے دھوکے کے بازوں سے بچا لیا۔ تو صاحبو! کس کس بات کا ذکر کیا جائے، ہر طرف بے اعتباری کا طوفان ہے اور اسی طوفان میں ہم جی رہے ہیں۔ کیا ایسے ماحول میں ایک صحتمند اور پُرامن معاشرہ پروان چڑھ سکتا ہے؟

متصف اور منصف



اللہ ربّ العزت کے اسماء الحسنیٰ میں سے اس کا ایک صفاتی نام "العدل" بھی ہے یعنی ایسا "عادل" جو اپنے بندوں کے تمام معاملات میں مکمل اور برابر "انصاف" کرتا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی سبھی صفات بینظیر ہیں، وہ خود بھی عادل ہے اور اس نے قرآن مجید فرقان حمید کی متعدد آیات میں اپنے بندوں کو ایک دوسرے کے ساتھ عدل وانصاف کرنے کا حکم صادر فرمایا ہے۔ انسانوں کا آپس میں انصاف کرنا کسی پر احسان یا صوابدیدی اختیار نہیں بلکہ فرض ہے۔ یاد رکھیں عدل کرنا محض کسی عدالت میں براجمان منصف یا تھانیدار کا فرض نہیں بلکہ ہم سبھی ایک دوسرے کے ساتھ انصاف کرنے کے پابند ہیں۔ اگر خاص وعام افراد محض اپنے اپنے مفادات کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ مادی یا مالی معاملات میں اخلاقیات اور عدل وانصاف کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں جبکہ اپنے عہد نہ توڑیں تو انہیں مقدمات درج رجسٹرڈ کرنے اور سالہا سال تھانوں یا کچہریوں میں خوار ہونے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ بدقسمتی سے ہوس کے "مارے" لوگ اپنے ہاتھوں سے اپنوں کو جان سے "مار" دیتے ہیں۔ ستر کی دہائی تک لوگ ایک دوسرے کا "حق مارنے" تک محدود تھے، اب تو بات انسانوں کو "ناحق مارنے" تک آ پہنچی ہے۔ ماضی میں پیش آنیوالے متعدد دلخراش واقعات اور اندوہناک سانحات شاہد ہیں، اب تو "خونیں" رشتہ داری میں بھی "خون" "سفید ہو گیا ہے۔ کئی بار کسی نزدیک ترین "رشتہ" سے بیزاری اور نفرت کا "رستہ" بندگلی میں جا کھلتا ہے۔ مخصوص کسان بھی اپنے کھیت میں کام کرتے ہوئے "بنا" اپنا بنانے کیلئے "بندہ" مار دیتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک ؓ ہمارے آقا سرور کونین رسول اللہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہٰ وبارک وسلم کے ارشاد کے راوی ہیں، "اپنے بھائی کی مدد کرو، خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم"۔ صحابہ کرامؓ نے بارگاہ رسالت میں ادب سے عرض کیا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہٰ وبارک وسلم! مظلوم کی مدد تو سمجھ میں آتی ہے لیکن ہم ظالم کی مدد کس طرح کریں۔ امام الانبیاء اور تاجدار انبیاء سراپا رحمت سیّدنا محمد رسول اللہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ واصحبہٰ وبارک وسلم نے ارشاد فرمایا، "تم اسے ظلم کرنے سے روک کر اس کی مدد کرو"۔ بدقسمتی سے ہم بحیثیت قوم اسلامیت اور انسانیت کے اسباق فراموش کرتے چلے جارہے ہیں۔ ہمارے ہاں "زر" اور "زور" کا دوردورہ ہے، ستم زدوں کی بجائے الٹا ستم گروں کی مدد کی جاتی ہے۔ ہمارے مخصوص ارباب اختیار زورآوروں کے پشت بان اور سہولت کار بنے ہوئے ہیں، اشرافیہ سے برآمد ہوئی شراب کی بوتل بھی شہد بن جاتی ہے۔

انصاف مضبوطی سے بنا وہ بند ہے جس کے ہوتے ہوئے ظلم وستم کا سیلاب نہیں آسکتا۔ باب العلم سیّدنا علی المرتضیٰؓ فطری طور پر ایک بے مثل "منصف" اور "متصف" تھے۔ باب العلمؓ کے اقوال دیکھیں تو علم وادب کی مختلف "اصناف" سے بھی "انصاف" کا درس ملتا ہے۔ عدل وانصاف کے متعلق سرورکونین کا ایک فرمان ذیشان حضرت علی المرتضیٰؓ نے نقل فرمایا تھا، ہمارے آقاؐ نے ارشاد فرمایا تھا "انسان کیلئے اعمال میں سے تین معاملات دشوار ترین ہیں، "ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری وساری رکھنا"، "تمام انسانوں میں باہمی عدل وانصاف قائم کرنا"، "مسلمان بھائیوں کی ہر حال میں خیر خواہی اور غم خواری کرنا"۔ اس فرمان نبویؐ میں معاشرتی زندگی کو کامیاب بنانے کیلئے بنیادی اور معیاری اقدار کا درس ملتا ہے۔ ان کے سبب انسانوں میں مساوات، مواسات اور باہمی ہمدردی کا سچا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ معاشرتی زندگی میں سیّدنا علی المرتضیٰؓ نے کسی موڑ پر انصاف کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔ ایک شخص کا انتقال ہوا تو اس نے اپنے تین بیٹوں کیلئے سترہ اونٹوں کا ورثہ چھوڑا۔ مرحوم نے اپنی وصیت میں اپنے تین بیٹوں میں سے بڑے کیلئے سترہ اونٹوں کا آدھا، منجھلے فرزند کیلئے ایک تہائی جبکہ چھوٹے پسر کیلئے نواں حصہ مقرر کیا۔ جب بھائیوں کے درمیان اپنے باپ کی وصیت کی روشنی میں اونٹوں کی تقسیم کا وقت آیا تو تینوں کی دانائی دھری کی دھری رہ گئی۔ وہ ورثہ کی منصفانہ تقسیم کیلئے باب العلم سیّدنا علی المرتضیٰؓ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا "ہمارے پاس سترہ اونٹ ہیں جس میں سے بڑے کا آدھا ہے اور منجھلے کا ایک تہائی جبکہ تیسرے کا نواں حصہ بنتا ہے، اگر اس کیلئے اونٹوں کا گوشت بنا دیا تو کوئی فائدہ نہیں ہوگا لہٰذا آپؓ اپنے تدبر سے کوئی ایسی تدبیر بتا دیں جس سے ہمارے درمیان اونٹوں کی منصفانہ تقسیم ہو جائے اور ہمارے درمیان تصادم ٹل جائے"۔ سیّدنا علی المرتضیٰؓ نے ان تینوں کی بات سننے کے بعد بیت المال سے ایک اونٹ منگوایا اور ان سترہ اونٹوں میں شامل کر دیا، اب اونٹوں کی تعداد اٹھارہ ہو گئی۔ آپؓ نے ان تینوں افراد کے درمیان طے شدہ حصوں کے مطابق اونٹوں کی تقسیم شروع کر دی۔ آپؓ نے بڑے بھائی کو اٹھارہ اونٹوں کا آدھا حصہ یعنی نو اونٹ دیے، اس کے بعد آپؓ نے منجھلے بھائی کو اٹھارہ اونٹوں کا ایک تہائی یعنی چھ اونٹ دیے اور پھر آپؓ نے تینوں میں سے جو چھوٹا بھائی اور جس کا نواں حصہ بنتا تھا اسے اٹھارہ اونٹوں کا نواں حصہ یعنی دو اونٹ دے دیے۔ اس طرح باب العلم سیّدنا علی المرتضیٰؓ نے اپنی دانائی سے تینوں بھائیوں میں بالترتیب نو، چھ اور دو اونٹ جن کا ٹوٹل سترہ بنتا ہے، بغیر کوئی اونٹ ذبح کئے تقسیم کر دیے جبکہ ایک اونٹ جو بیت المال سے منگوایا گیا تھا وہ واپس بھجوا دیا۔ سیّدنا عمر فاروقؓ بھی اپنے عہد خلافت میں عدل وانصاف کیلئے سیّدنا علی المرتضیٰؓ کے ساتھ مشاورت کیا کرتے تھے۔ ایک بار سیّدنا عمر فاروقؓ کے پاس اُس عورت کا مقدمہ آیا جس کی شادی کو چھ ماہ ہوئے تھے اور اس کے ہاں بچہ پیدا ہوگیا تھا۔ سیّدنا عمر فاروقؓ نے اس پر حد (سزا/رجم) لگانے کا ارادہ کیا۔ سیّدنا علی المرتضیٰؓ نے مداخلت فرمائی اور قرآن مجید سے سورۃ الاحقاف کی آیت پندرہ اور سورۃ اللقمان کی آیت چودہ سے استدلال پیش کرتے ہوئے کہا "حمل اور دودھ چھڑانے کی مدت تیس ماہ ہوتی ہے جبکہ حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ بھی ہوسکتی ہے۔ جب سیّدنا عمر فاروقؓ کو اس فقہی نکتہ کا علم ہوا، تو آپؓ نے فوری اپنا فیصلہ واپس لیا اور فرمایا، "اگر علیؓ نہ ہوتے تو عمرؓ ہلاک ہو جاتا"۔ "انصاف" "کرنا" "اوصاف" میں شمار ہوتا ہے۔

یاد رکھیں ہر "منصف" "کا" "منصب" "اس کے پاس سچے" العدل اللہ عزوجل" کی مقدس امانت ہے لہٰذا اس میں کسی قسم کی خیانت کا ارتکاب نہیں کیا جاسکتا۔ جہاندیدہ اور فہمیدہ منصف سنجیدہ ہونے کے ساتھ ساتھ بہت اچھا سامع بھی ہوتا ہے، جو اچھا محرم راز، مردم شناس اور نبض شناس نہ ہو وہ کامیاب منصف نہیں ہوسکتا۔ اگر معاشرے سے مجرمانہ سرگرمیاں کا صفایا کرنا ہے تو مجرمان کی نفسیات اور جدید طریقہ واردات کو سمجھنا ہوگا۔ میں پھر کہتا ہوں صرف بروقت اور سخت "سزاؤں" سے "خطاؤں" کا سیاہ باب بند کیا جاسکتا ہے۔ ہر گناہ کے محرکات اور مقدمات کے مندرجات مختلف ہوتے ہیں تاہم بیشتر مقدمات کا تفتیشی تربیت یافتہ نہیں ہوتا، تفتیشی اپنے دماغ نہیں اپنی "توند" سے سوچتا اور ڈھٹائی سے "روند" مارتا ہے کیونکہ اس کے مالی مفادات مدعی اور ملزم دونوں سے وابستہ ہوتے ہیں۔ پچانوے فیصد "پی ایس پی" یعنی "پیر اشوٹر پولیس" کے ڈنڈا بردار بھی انصاف کی نیت اور صلاحیت دونوں سے عاری ہیں، وہ چوریاں روکنے نہیں اپنی تجوریاں بھرنے آتے ہیں۔

شہر نامہ SHEHAR NAMA

فن وثقافت



ہانیہ عامر کی گلوکار عاصم اظہر کیساتھ ویڈیو، سوشل میڈیا صارفین کی گفتگو کا موضوع بن گئی



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر اور گلوکار عاصم اظہر ایک بار پھر سوشل میڈیا صارفین کی گفتگو کا موضوع بن گئے ہیں۔ اس بار دونوں کے حوالے سے قیاس آرائیاں عاصم اظہر کی سالگرہ کی تقریب کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آنے کے بعد شروع ہوئیں۔ عاصم اظہر نے حال ہی میں اہل خانہ اور قریبی دوستوں کے ساتھ اپنی 30 ویں سالگرہ منائی اور تقریب کی جھلکیاں انسٹاگرام پر شیئر کیں۔ پوسٹ کی نویں سلائیڈ نے خاص طور پر مداحوں کی توجہ حاصل کی، جن کا خیال ہے کہ اس میں ہانیہ عامر بھی موجود ہیں۔ صارفین نے کمنٹس میں اس کلپ کا ذکر کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ اس میں ہانیہ اور عاصم ایک ساتھ کک اسکوٹر چلاتے دکھائی دے رہے ہیں۔ بعض مداحوں نے اسے ہانیہ کی کچھ عرصہ قبل شیئر کی گئی اسکوٹر ویڈیو سے بھی جوڑا، جس میں عاصم اظہر کا نیا گانا سنائی دے رہا تھا۔ صارفین کے مطابق دونوں ویڈیوز میں دکھائی دینے والی جگہ بھی ایک جیسی محسوس ہوتی ہے۔ عاصم کی پوسٹ پر ایک مداح نے لکھا کہ نویں سلائیڈ میں ہانیہ نظر آرہی ہیں، جبکہ دوسرے صارف نے دعویٰ کیا کہ اس میں دونوں کک اسکوٹر پر موجود ہیں۔

سارہ علی خان کے مندر جانے پر فتویٰ آگیا، معافی مانگنے کا مشورہ



بالی ووڈ اداکارہ سارہ علی خان کے بھارتی ریاست اتراکھنڈ میں واقع کیدارناتھ مندر کے دورے پر مذہبی تنازع کھڑا ہو گیا ہے۔ بریلی سے تعلق رکھنے والے عالم دین مفتی شہاب الدین رضوی بریلوی نے اداکارہ کے مندر جانے، عبادت اور مذہبی رسومات میں شرکت کو شریعت کے مطابق ناجائز اور حرام قرار دیتے ہوئے انہیں اللہ سے توبہ کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ خبر رساں ادارے اے این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے آل انڈیا مسلم جماعت کے قومی صدر مفتی شہاب الدین رضوی کا کہنا تھا کہ انہیں سارہ علی خان کے مندر جانے اور وہاں عبادت کرنے سے متعلق متعدد سوالات موصول ہوئے، جس پر انہوں نے اپنا شرعی مؤقف واضح کیا۔ ان کے مطابق کسی مسلمان مرد یا عورت کا دوسرے مذہب کی عبادات اور مذہبی رسومات میں شریک ہونا شرعی طور پر جائز نہیں۔

مسٹر پٹلو کی پہلی بیوی کے شوہر پر سنگین الزامات، حیران کن انکشافات سامنے آگئے

مسٹر پٹلو کی پہلی اہلیہ نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کی شادی 10 نومبر 2021 کو مسٹر پٹلو سے ہوئی تھی اور یہ رشتہ تقریباً چار سال قائم رہا جس کے بعد مجھے لاعلم رکھ کر طلاق دے دی گئی۔ سوشل میڈیا پر ایک انٹرویو میں مسٹر پٹلو کی پہلی بیوی نے کہا کہ میں نے اپنے شوہر کا اس وقت ساتھ دیا جب وہ مالی مشکلات کا شکار تھے، تاہم شہرت اور دولت ملنے کے بعد ان کے رویے میں تبدیلی آگئی اور انہوں نے دوسری خواتین سے تعلقات بنانا شروع کر دیے۔ انہوں نے کہا کہ جب دوسری خواتین سے تعلقات قائم کیے تو پٹلو نے مجھے اذیت دینا شروع کر دی، مجھے ڈانٹتے تھے، مجھے کال کرنا بند کر دیا اور رابطہ ختم کر دیا جس کے بعد میں شدید ذہنی اذیت میں مبتلا ہو گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں گزشتہ ڈیڑھ سال سے نیند کی گولیاں استعمال کر رہی ہوں جس کا طبی ریکارڈ برطانیہ میں موجود ہے۔ سابقہ اہلیہ کے مطابق مسٹر پٹلو دیگر خواتین سے ملتا رہا ہے جب میں نے کہا کہ آپ سوشل میڈیا پر بتاؤ کہ تم شادی شدہ ہو تو وہ مجھے دھمکاتا تھا کہ میں تمھاری نجی لمحات کی ویڈیوز لیک کر دوں گا اور تماری فیملی کو بھی بھیجوں گا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ شوہر نے انہیں لاعلم رکھ کر طلاق دی اور دیگر ممالک میں دوسری خواتین سے تعلقات قائم کیے۔ یہ کتنا بڑا ظلم ہے کہ بیوی کا جائز رشتہ چھوڑ کر دوسری خواتین سے تعلقات قائم کر لیے اور مجھے طلاق کا بتایا تک بھی نہیں۔ خاتون نے کہا کہ وہ سوشل میڈیا پر اس لیے سامنے آئی ہیں تاکہ دوسری لڑکیاں محفوظ رہ سکیں۔

پاکستانی اداکارہ جویریہ جمشید رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان ٹیلی ویژن کی معروف اداکارہ جویریہ جمشید نے اہل خانہ اور قریبی دوستوں کی موجودگی میں سادہ اور پروقار تقریب میں نکاح کر لیا۔ اداکارہ نکاح اور استقبالیے کی تقریبات میں خوبصورت عروسی لباس میں دکھائی دیں۔ انہوں نے شوہر کے ہمراہ خوشگوار انداز میں تصاویر بھی بنوائیں جو سوشل میڈیا پر مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گئیں۔ جویریہ جمشید ڈرامہ سیریل 'بانو' سمیت متعدد ٹی وی ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔ ان کی شادی کی تصاویر سامنے آنے کے بعد مداحوں اور شوبز شخصیات کی جانب سے مبارکباد اور نیک تمناؤں کے پیغامات کا سلسلہ جاری ہے۔

مہنگائی نے نوجوانوں کا گھر اور گاڑی خریدنے کا خواب مشکل بنا دیا، پریشے عدنان



کراچی (شوبز ڈیسک) معروف فیشن ڈیزائنر پریشے عدنان نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کو مالی طور پر غیر ذمہ دار قرار دینا درست نہیں کیونکہ مہنگائی اور کم آمدنی نے ان کے لیے گھر اور گاڑی خریدنا مشکل بنا دیا ہے۔ معروف فیشن ڈیزائنر عامر عدنان کی صاحبزادی پریشے عدنان نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کے والد کے دور میں چند ماہ کی آمدنی سے گھر کی پیشگی ادائیگی جبکہ ایک سال کی کمائی سے گاڑی خریدنا ممکن تھا لیکن آج نوجوانوں کی 60 سے 80 ہزار روپے ماہانہ آمدنی میں یہ خواب پورا کرنا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کئی ادارے کم از کم اجرت کے قوانین پر بھی عمل نہیں کرتے اس لیے نوجوانوں کا کرائے کے گھروں میں رہنا جائیداد خریدنے میں عدم دلچسپی نہیں بلکہ مالی مجبوری ہے۔ پریشے عدنان کے مطابق ملینیئل نسل مسلسل کام کرنے کے دباؤ میں رہتی ہے جبکہ جین زی نے زندگی اور کام میں توازن کی اہمیت کو سمجھ لیا ہے۔ انہوں نے پاکستان میں بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خوراک، رہائش، پانی، گیس اور بجلی جیسے مسائل لوگوں میں ذہنی دباؤ اور بے چینی بڑھا رہے ہیں، جس سے ان کے رویوں اور صبر و برداشت پر بھی اثر پڑتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بنیادی ضروریات اور سہولیات کی فراہمی یقینی بنا کر معاشرے میں بڑھتی بے چینی اور تناؤ کو کم کیا جاسکتا ہے۔

کنٹینر نمبر 1

ٹوبہ پر ٹھنڈ کی لہر سے سبزی کی قیمتوں میں اضافہ

کنٹینر نمبر 2

ریلوے پھاٹک پر ٹرالر اور مسافر وین کا تصادم، 4 جاں بحق

کنٹینر نمبر 3

سرخ مرچ قدرتی رنگ 2026ء

کنٹینر نمبر 4

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 5

ڈالر کی تجارتی اور کرنسی مارکیٹ میں

کنٹینر نمبر 6

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 7

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 8

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 9

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 10

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 11

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 12

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 13

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 14

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 15

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 16

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 17

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 18

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 19

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 20

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 21

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 22

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 23

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 24

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 25

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 26

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 27

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 28

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 29

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 30

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 31

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 32

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 33

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 34

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 35

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 36

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 37

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 38

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 39

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 40

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 41

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 42

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 43

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 44

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 45

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 46

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 47

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 48

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 49

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 50

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 51

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 52

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 53

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 54

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 55

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 56

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 57

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 58

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 59

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 60

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 61

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 62

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 63

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان

کنٹینر نمبر 64

ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ، مسافر پریشان



فیصل آباد، چیئرمین علماء کونسل حافظ طاہر اشرفی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گوجرخان میں گیس دھماکہ، گلی پھٹ گئی، مکانات میں دراڑیں

وارڈ 8 میں گیس لیکیج کا واقعہ، عینی شاہدین اور محکمہ سوئی گیس کے مؤقف میں تضاد

دھماکے کے بعد متاثرہ گلی اور املاک کے نقصان پر شہریوں کا تحقیقات اور ازالے کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر کے محلہ راجگان، وارڈ نمبر 8 رڑی میں گیس لیکیج کی شکایت پر محکمہ سوئی گیس کی ٹیم کی کارروائی کے دوران زوردار دھماکہ ہوگیا، جس سے گلی پھٹ گئی اور دور تک شگاف پڑ گئے، جبکہ قریبی گیٹ اور مکانات کو بھی نقصان پہنچنے کے مناظر سامنے آئے۔ اہلِ محلہ کے مطابق علاقے میں کئی روز سے گیس لیکیج ہو رہی تھی، جس کی شکایت محکمہ کو درج کروائی گئی تھی۔ عینی شاہدین نے الزام عائد کیا کہ راولپنڈی سے آنے والے اہلکاروں نے مبینہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مری امپرومنٹ ٹرسٹ، منصوبوں کا جائزہ، حکام کو ہدایات جاری

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر/ چیئرمین مری امپرومنٹ ٹرسٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

تحفظِ عقائد اہلسنت سیمینار 8 نومبر 2026 بروز اتوار منعقد ہوگا

اسلام آباد (خبر نگار) جامعہ قادریہ رضویہ کے زیر اہتمام تحفظ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)


اسلام آباد پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی کا کھلاڑیوں اور آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب کے 13 اضلاع میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز، 77 ہزار اہلکار تعینات

لاہور میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری جبکہ دیگر 12 اضلاع میں مہم چار روز جاری رہے گی، خالد پرویز

انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو قطرے پلانا ضروری ہے، خواہ پہلے بھی ویکسین دی جا چکی ہو، سربراہ انسداد پولیو پروگرام

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کے 13 اضلاع میں انسداد پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جس کے دوران 93 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ مہم کے لیے 77 ہزار اہلکار خدمات انجام دیں گے۔ سربراہ انسداد پولیو پروگرام خالد پرویز کے مطابق لاہور میں انسداد پولیو مہم سات روز تک جاری رہے گی جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں مہم چار روز جاری رہے گی۔ انسداد پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ خالد پرویز نے بتایا کہ لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار راولپنڈی میں 9 لاکھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز آج سے ہوگا

ایشیا کے صفِ اول کے کھلاڑی ٹیم مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے



اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر سے مصحف اسکواش کمپلیکس اسلام آباد میں ہو گا 23ویں ایشین ٹیم اسکواش چیمپئن شپ 2026 کا آغاز 3 نومبر 2026 کو مصحف اسکواش کمپلیکس، اسلام آباد میں پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کیڈٹ کالج کوہاٹ میں سابق طلباء کی ری یونین، گولڈن جوبلی تقریبات

انڈوومنٹ فنڈ کے لیے 10 لاکھ روپے عطیہ، یادگاری کپ اور کیپس تقسیم


کوہاٹ (نمائندہ خصوصی) کیڈٹ کالج کوہاٹ میں سابق طلباء (کوہاٹینز) کی سالانہ ری یونین کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے مختلف انٹریز سے تعلق رکھنے والے سابق کیڈٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کی خصوصی اہمیت 12ویں انٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایک فیصد کمی

لندن (نیوز ایجنسیاں) ایران جنگ کے خاتمے کیلئے مذاکرات کے تیسرے روز عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایک فیصد سے زائد کمی ریکارڈ کی گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایشیائی مارکیٹ میں برینٹ خام تیل کی قیمت 1 ڈالر 51 سینٹ کمی کے بعد 111 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ستھرا پنجاب پروگرام، گوجرخان شہر میں صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت گوجرخان شہر میں صفائی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے، سینئر ی انسپکٹر حافظ فہد کی زیر نگرانی مین بازار، سکھو روڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

معروف عالم دین مفتی خرم شہزاد قمری فانی دنیا سے کوچ کر گئے

اڈیالہ (نامہ نگار) معروف عالم دین مفتی خرم شہزاد قمری فانی دنیا سے کوچ کر گئے۔ مرحوم ساری زندگی کلمہ حق بلند کرتے رہے۔ حق گوئی و بے باکی آپ کا طرہ امتیاز تھا۔ نماز جنازہ کی امامت علامہ قاری عمر دین یوسفی نے فرمائی۔ سنی علماء کونسل کے جملہ عہدیداران و کارکنان سمیت عزیز و اقارب کی کثیر تعداد میں شرکت۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

شاہد اعوان کا یوسی 70 پنڈوڑیاں سے الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان

اسلام آباد کی ہر وارڈ اور یوسی میں امیدوار کھڑے کریں گے۔ خاقان وحید خواجہ


اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) ملک شاہد اعوان نے یوسی 70 پنڈوڑیاں سے الیکشن میں حصہ لینے کا اعلان کر دیا۔ ملک برادری نے مکمل حمایت کا اظہار کر دیا۔ پنڈوڑیاں کے علاوہ پورے اسلام آباد میں ہر وارڈ اور یوسی میں اپنے امیدوار کھڑے کریں گے۔ خاقان وحید خواجہ یوسی 70 وارڈ نمبر 4 پنڈوڑیاں کی ایک مشاورتی میٹنگ الیکشن برائے بلدیات 2026 اسلام آباد خصوصی شرکت۔ راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ بانی پاکستان عوامی قوت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ملک میں ہاکی کے کھیل کا مستقبل روشن ہے، محی الدین وانی

نوجوان جدید ہاکی کھیل کر انٹرنیشنل ہاکی کے سرکٹ میں ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی کا کہنا ہے کہ ملک میں ہاکی کے کھیل کا مستقبل روشن ہے نوجوان جدید ہاکی کھیل کر انٹرنیشنل ہاکی کے سرکٹ میں ملک کا نام روشن کر سکتے ہیں سہولتوں کی اب کوئی کمی نہیں ہے جیت کے لئے ٹارگٹ سیٹ کرنا ہوگا ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وزارت بین الصوبائی رابطہ امور میں راولپنڈی ڈسٹرکٹ ہاکی ایسوسیشن کے صدر ظہیر الحق ، ذوالفقار بیگ، آر ڈی ایچ اے کے خازن محمد زاہد ، سے ملاقات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)


اڈیالہ، مفتی خرم شہزاد قمری کی نماز جنازہ کی امامت علامہ قاری عمر دین یوسفی فرما رہے ہیں

راولپنڈی ماڈل ویلیجز پانی منصوبے انتظامیہ کے سپرد، 5 کروڑ خرچ ہونگے

ہر تحصیل میں ماڈل ویلیجز کیلئے فوری کمیٹیاں تشکیل دی جائیں، سماجی خدمت کا جذبہ رکھنے والے افراد کو شامل کیا جائے

کام شروع کرنے کیلئے ابتدائی مرحلے میں ہر تحصیل کو پانچ کروڑ ترقیاتی فنڈز فراہم کیے جا رہے ہیں، اے ڈی سی فضائل مدثر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی میں ماڈل ویلیجز کے قیام اور صاف پانی کی فراہمی کے منصوبوں کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم نے کی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

مری، دیول قلعہ میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار انعقاد

مری (نمائندہ خصوصی) ضلع مری کے علاقے دیول قلعہ کے مقام پر شائقین کرکٹ کے لیے ایک پروقار اور پرجوش کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقائی ٹیموں کے علاوہ نوجوانوں اور مقامی شائقین کی بڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

نیشنل بیس بال چیمپئن شپ کا آغاز، کمشنر ملتان نے افتتاح کیا

پہلے روز کے میچز میں پاکستان آرمی بلوچستان اور سندھ نے کامیابیاں حاصل کیں


ملتان (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان فیڈریشن بیس بال کے زیر اہتمام ملتان میں ستائیسویں خاور شاہ نیشنل بیس بال چیمپئن شپ کا آج قلعہ قاسم باغ اسٹیڈیم میں باقاعدہ ہوگیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر ملتان عامر کریم خان نے افتتاح کیا۔ فیڈریشن کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



گوجرخان، پولیس و عوام کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے پر اتفاق

ایس ایچ او تھانہ مندرہ کی نمبرداران علاقہ کے ساتھ اہم میٹنگ، مختلف امور پر بحث

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس سرکل کے تھانہ مندرہ میں جرائم کی روک تھام اور امن و امان قیام کے لیے ایس ایچ او تھانہ مندرہ کی نمبرداران علاقہ کے ساتھ اہم میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں سیکیورٹی انتظامات مؤثر بنانے اور پولیس و عوام کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے پر اتفاق کیا گیا، تفصیلات کے مطابق اجلاس میں دیہی علاقوں کی سیکیورٹی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

گوجرخان، کم عمر بچی سے مبینہ زیادتی، ملزم گرفتار

14 سالہ بھتیجی کے ساتھ محمد فیاض نامی شخص نے مبینہ طور پر زیادتی کی، مقدمہ درج

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں کم عمر بچی سے مبینہ زیادتی کا افسوسناک واقعہ، چچا کی درخواست پر پولیس نے نامزد ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی۔ ذرائع کے مطابق ملزم فیاض کو پولیس نے گرفتار کر لیا ہے، تفصیلات کے مطابق تھانہ گوجرخان میں غلام عباس ولد زمان سکنہ تحصیل کلیال کی مدعیت میں درج ایف آئی آر نمبر 919/26 کے مطابق مدعی نے الزام عائد کیا ہے کہ اس کی 14 سالہ بھتیجی کے ساتھ محمد فیاض (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)


راولپنڈی، نجی سکول کے طلبہ وطالبات سکیٹنگ کر رہے ہیں

عماد خان پی ٹی سی ایل کے چیف مارکیٹنگ آفیسر مقرر

ٹیلی کمیونی کیشن، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل

پاکستان، آسٹریلیا اور مشرقِ وسطیٰ میں خدمات انجام دے چکے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن کمپنی لمیٹڈ (پی ٹی سی ایل) نے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری کے بعد عماد خان کو چیف مارکیٹنگ آفیسر (سی ایم او) مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عماد خان کو ٹیلی کمیونی کیشن، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے شعبوں میں دو دہائیوں سے زائد کا تجربہ حاصل ہے۔ وہ اپنے پیشہ ورانہ سفر کے دوران پاکستان، آسٹریلیا اور مشرقِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

بھارہ کہو اور مضافاتی علاقوں میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا

کہ گیس کی عدم فراہمی کے باعث گھریلو زندگی شدید متاثر ہو رہی ہے، علاقہ مکین

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وفاقی دارالحکومت کے علاقے بھارہ کہو اور اس کے مضافاتی علاقوں میں گیس بحران شدت اختیار کر گیا ہے، جہاں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گرمیوں کے موسم میں بھی گیس کی فراہمی نہ ہونے کے برابر رہی، تاہم سردیوں کی آمد کے باوجود صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آئی اور کھانا پکانے کے مقررہ اوقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

زراعت تنزلی کے اسباب مسلسل بڑھ رہے، خالد سدھرائچ

زرعی رقبوں میں کمی اور اس سے جڑے مسائل اب زیادہ تیزی سے ابھر کر سامنے آ رہے ہیں


راولپنڈی (پ ر) قومی زرعی پیداوار میں کمی اور غذائی تحفظ کو لاحق سنگین خطرات کے اسباب اور ان کے حل پر غور کرنے کیلئے پاکستان تحریک انصاف کسان ونگ کا ایک مشاورتی اجلاس سوموار کے روز یہاں ونگ کے آرگنائزر شیخ وقاص اکرم کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایسے اسباب اور عوامل کی نشاندہی کی گئی جن کے باعث زرعی پیداوار میں کمی واقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

صحافیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، شہزادہ ارباب اعجاز

آزادی صحافت اور آزادی اظہار جمہوریت کے استحکام کے لیے ناگزیر ہیں، خالد محمود

گوجرخان (بیورو رپورٹ) صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر صحافیوں کے تحفظ، آزادی صحافت اور آزادی اظہارِ رائے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صحافی معاشرے کی آواز اور عوام تک حقائق پہنچانے کا اہم ذریعہ ہیں، جمہوری معاشرے کے استحکام کے لیے آزاد اور ذمہ دار صحافت ناگزیر ہے۔ صحافیوں کو دورانِ فرائض دھمکیاں دینے، تشدد کا نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مری، غیر معیاری ادویات کی روک تھام، لائسنس تجدید بارے غور

خلاف ورزی پر میڈیکل اسٹورز کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی، انتظامیہ

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی ہدایت پہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (سوشل سروسز) مری عمر وقار کی زیر صدارت ڈرگ کنٹرول بارے اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

قومی اتحاد پارٹی آزاد کشمیر کے انٹرا پارٹی انتخابات کا اعلان

کاغذاتِ نامزدگی 5 نومبر کو جمع کروائے جائیں گے،، 7 نومبر کو پولنگ ہوگی

اڈیالہ (نامہ نگار) قومی اتحاد پارٹی آزاد کشمیر کے انٹرا پارٹی انتخابات کا اعلان، 7 نومبر کو پولنگ ہوگی۔ محمد لقمان علی راجپوت چیف الیکشن کمشنر مقرر، کاغذاتِ نامزدگی 5 نومبر کو جمع ہوں گے۔ قومی اتحاد پارٹی آزاد جموں و کشمیر کے چیئرمین سردار عبدالرحمن خان نے پارٹی کے انٹرا پارٹی انتخابات کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ انتخابی شیڈول کے مطابق امیدواروں کے کاغذات نامزدگی 5 نومبر کو جمع کروائے جائیں گے، 6 نومبر کاغذاتِ نامزدگی واپس لینے کی آخری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کمشنر پشاور ڈویژن کیپٹن (ر) خالد محمود کی زیر صدارت اجلاس

تجاوزات خاتمے اور صفائی مہم کو مؤثر بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کی ہدایت

پشاور (نمائندہ۔شہرنامہ) صوبائی حکومت کی ہدایات پر صوبائی دارالحکومت پشاور میں تجاوزات کے مستقل خاتمے اور صفائی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے کمشنر پشاور ڈویژن کیپٹن (ر) خالد محمود کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا، جس میں جاری مہم کو منطقی انجام تک پہنچانے، صفائی کے عمل میں مزید تیزی لانے، حائل رکاوٹوں کے خاتمے اور مختلف محکموں کے درمیان رابطوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

ایران سے نئی جنگ، مشقوں کا آغاز کر دیا، اسرائیلی اخبار

تل ابیب (نیوز ایجنسیاں) اسرائیلی اخبار نے کہا ہے کہ اسرائیل نے ایران کے ساتھ ممکنہ طور پر دوبارہ جنگ شروع ہونے کے پیش نظر اپنی فوجی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ اسرائیلی اخبار یدیعوت احرونوت کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے دفاعی اور جارحانہ دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

غزہ میں بمباری میں یرغمالی بھی ہلاک ہوئے، سابق سربراہ اسرائیلی فوج

نیویارک (نیوز ایجنسیاں) اسرائیلی فوج کے سابق سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ہرزی حالیوی نے اعتراف کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں اسرائیلی یرغمالی بھی ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق فوج سے استعفیٰ دینے کے ڈیڑھ سال بعد اپنے پہلے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ڈپٹی کمشنر مری کل سہر بگلہ میں کھلی کچہری لگائیں گے

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیرِ صدارت تحصیل مری کے علاقے سہر بگلہ میں بروز بدھ، 4 نومبر 2026ء کو صبح 11 بجے کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا، جس کا مقصد عوامی مسائل ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

الائیڈ اور ایفا اسکول کے زیرِ انتظام تقریب کا انعقاد

میٹرک میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے



راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) الائیڈ اور ایفا اسکول ریجنل آفس نارتھ کے زیر انتظام پنجاب کالج راولپنڈی میں تقسیم انعامات واسناد کی ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب میں میٹرک بورڈ امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں کیش انعامات اور اسناد تقسیم کیے گئے، جن کا تعلق جہلم و نارتھ پنجاب ریجن میں واقع الائیڈ اور ایفا اسکولز سے ہے۔ اس کے علاوہ تقریب میں الائیڈ و ایفا اسکولز میں جاری گزشتہ تقاریری مقابلہ جات اور غیر نصا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گوجرخان میں انسدادِ پولیو مہم نومبر 2026 کا باقاعدہ آغاز

والدین بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، افسران کی اپیل

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل گوجرخان میں انسدادِ پولیو مہم نومبر 2026 کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا، مہم کا افتتاح اسسٹنٹ کمشنر سیدہ زینب حسین، اے ایم ایس ڈاکٹر فرحت جمیلہ اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیخ عامر محمود نے مشترکہ طور پر کیا۔ اس موقع پر افسران نے والدین پر زور دیا کہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)


ایس ایچ او تھانہ مندرہ سے نمبرداران علاقہ کے ساتھ اہم میٹنگ کر رہے ہیں

راولپنڈی انٹرمیڈیٹ امتحان کے انتظامات مکمل، رول نمبر سلپس جاری

امتحان وزیر اعلیٰ کے وژن، وزیر تعلیم کی ہدایات اور حکومتی ایس او پیز کے مطابق منعقد کروایا جا رہا، چیئرمین بورڈ ڈاکٹر اقبال لہتراڑ روڈ کے طلبہ کے بنیادی حقوق کے لیے طلبہ جرگہ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر اہتمام امتحان انٹرمیڈیٹ دوسرا سالانہ 2026ء بروز منگل 03 نومبر سے شروع ہو رہا ہے۔ امتحانات کے انعقاد کے لیے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ امتحان میں شامل ہونے والے تمام اُمیدواروں کی رول نمبر سلپس جاری کر دی گئی ہیں اور تمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد، جج نے وکیل کو کالے شیشے والی عینک پہننے سے روک دیا

اسلام آباد (آئی این پی) ہائیکورٹ میں سماعت کے دوران موبائل فون کے بعد روسٹرم پر کالے شیشے والی عینک پہننے سے وکیل کو روک دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران ایک وکیل سب اور انوکھا واقعہ پیش آیا ہے، جہاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اے ڈی سی جی کامران صغیر کا مختلف سیاحتی مقامات کا دورہ

مری (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کامران صغیر نے مری کے مختلف اہم سیاحتی مقامات کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہارٹیکلچر انجینئر مری کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

راجہ ساجد عمر کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد


راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل راولپنڈی کے جنرل سیکرٹری راجہ بلال شیر باز، سیکرٹری اطلاعات و نشریات بشارت بھٹی اور دیگر نے پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل راولپنڈی کے صدر راجہ ساجد عمر کے دفتر میں جا کر انھیں عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر راجہ علی عباس اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پمز، پلاسٹک، ری کنسٹرکٹیو اور برن سرجری کی سروسز جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) ہسپتال کے برن سینٹر میں سہولیات کی دستیابی کیلئے حکومتی توجہ کی ضرورت ہے برن سنٹر کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر عبدالخالق ملک کی سربراہی میں پلاسٹک، ری کنسٹرکٹیو اور برن سرجری کی ایک فعال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ایران کے خلاف نئی فوجی مہم جوئی تباہ کن ہوگی، روس کا انتباہ

نئے حملوں کی منصوبہ بندی کے اشاروں کو انتہائی تشویش ناک قرار دے دیا

ماسکو (صباح نیوز) روس نے ایران کے خلاف نئی فوجی کارروائی کی منصوبہ بندی سے متعلق اطلاعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ایران پر نئے حملوں کی دھمکیاں دینے والے اس کے نتائج پر دوبارہ غور کریں۔ روسی وزارت خارجہ کی ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری، احکامات صادر

شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اولین ترجیح ہے، گفتگو


اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری۔ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد پولیس کی کارروائیاں، 33 ملزمان گرفتار

منشیات، غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد، مقدمات کا اندراج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بلاامتیاز کارروائیاں جاری۔ 33 ملزمان گرفتار، 17 اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران بھی شامل، منشیات، غیر قانونی اسلحہ معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)